سوال

(267) روزے کی حالت میں بیوی کا بوسہ لینا اور شرمگاہ سے رطوبت خارج ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی آدمی روزے کی حالت میں اپنی بیوی کا بوسہ لے لے اور شدتِ جذبات کی وجہ سے دورانِ گفتگو شرمگاہ سے رطوبت خارج ہو جائے تو کیا روزہ کی قضا دینی پڑے گی؟ (عبدالباسط۔ نارنگ منڈی) (۱۶ جون ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل علم کا صحیح ترین قول یہ ہے کہ مذی کے خارج ہونے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اس کا خروج چاہے بیوی کے بوسہ کی وجہ سے ہو، یا دورانِ گفتگوشدتِ شہوت کی بناء پر ہر دو صورت میں روزہ نہیں ٹوٹتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 257

محدث فتویٰ